# Directorate of Administration
# University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk


No: _____________/DA/FMMC

Date: _03_/_07_/2025

## کرایہ داری برائے دکان، کینٹین، ہال

## سربمہر پیشکشوں کی طلبی

**جامعہ پشاور**

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع دو عدد کینٹین و ایک عدد ہال عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 17.07.2025 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش مورخہ 18.07.2025 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہو گا۔

شرائط و ضوابط اور دکانوں و کینٹین کے بارے میں مزید تفصیل جامعہ پشاور کے ویب سائٹ www.uop.edu.pk یا ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس، نزد کافی شاپ بازار یونیورسٹی کیمپس پشاور سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ مینجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

Directorate of Administration
University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk

No: ______________/DA/FMMC

Date: _03_/_07_/2025

# شرائط وضوابط برائے کینٹین،ہال

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع دو عدد کینٹین وایک عدد ہال عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 17.07.2025 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | کاروبار کی نوعیت ودکان کی لوکیشن | رقبہ (sq.ft) | کم سے کم بولی پاکستانی روپیوں میں |
|---|---|---|---|
| 1. | ایک عدد ہال بمقام پہلی منزل (Post Mall) | 6360 | 100000 |
| 2. | کینٹین نزد اکنامکس ڈیپارٹمنٹ | 3411 | 70000 |
| 3. | ایس ٹی سی کینٹین | 3663.45 | 70000 |

1. خواہشمند پارٹیاں ایک یا زائد یا تمام سائٹس کے لیے سربمہر پیشکش جمع کرا سکتی ہیں۔ تاہم ہر سائٹ کے لیے علیحدہ فارم بمعہ پروسسنگ فیس ناقابل واپسی اور زرضمانت جمع کرانا ہوگی۔
2. اگر بولی دہندہ فنانشل پیشکش کی شرائط وضوابط پر پورا اترنے میں ناکام رہا تو بڈ سیکورٹی/زرضمانت ضبط کر لی جائے گی۔
3. جمع کرائی گئیں پیشکش /بڈز مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے مشروط ہوں گی۔
4. ہر سائٹ کے لیے ہر لحاظ سے مکمل اور سربمہر الگ فارم (سائٹ کا نام لفافے کے اوپری بائیں کونے پر واضح تحریر کر کے) ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس نزد کافی شاپ بازار جامعہ پشاور کیمپس کو جمع کرانا ہوگی۔ بولی دہندگان کو مطلوبہ دستاویزات بمعہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفیکیٹ کے جمع کرانا ہوں گی۔
5. خواہشمند افراد/فرم مندرجہ ذیل کاغذات / دستاویزات سربمہر لفافے میں جمع کروائے گا۔ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والی پارٹی کی آفر مسترد کر دی جائے گی۔
6. کینٹین کے لئے مطلوبہ میدان میں پانچ سالہ تجربہ کا سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔ تجربے کی تصدیقی سند جس ادارے میں خدمات فراہم کی ہوں اس ادارے کے مجاز افسر کی طرف سے جاری کردہ ہوگا۔ اگر عوامی جگہ پر خدمات فراہم کی ہوں تو مطلوبہ علاقے کے چیئرمین لوکل کونسل سے تصدیقی سند لینا ہوگا۔ تصدیقی سند میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ درخواست کنندہ نے مطلوبہ خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ مستند تعلیمی اداروں خاص کر جامعہ پشاور میں مطلوبہ خدمات فراہم کرنے والے تجربہ کار افراد کو پہلی ترجیح دی جائے گی۔
7. Post Mall ہال کسی بھی قسم کی مثبت سرگرمی کے لئے لیا جا سکتا ہے۔ بولی دہندہ اپنے کاروبار یا سرگرمی کی تفصیل الگ کاغذ پر سیل بند لفافے میں جمع کرائے گا۔ کمیٹی کے پاس اس بات کا اختیار ہوگا کے اگر وہ بولی دہندہ کی تجویز کردہ سرگرمی یا کاروبار کے ساتھ متفق نہ ہو تو وہ اس بولی کو مسترد کر سکتے ہیں۔

8. درخواست گزار اس بات کی بیان حلفی جمع کرائے گا کہ اس کو کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ جامعہ پشاور کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے میں ملوث ہے۔ مزید یہ کہ اگر وہ جامعہ پشاور کیمپس میں کاروبار کر رہا ہے تو اس کے خلاف کسی قسم کے بقایا جات نہیں ہیں۔

9. درخواست گزار اپنے متعلقہ تھانے سے نیک چال چلن کی تصدیقی سند جمع کرائے گا۔

10. سربمہر پیشکش کیلئے رجسٹریشن فارم ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن سے مبلغ دو ہزار روپے بطور پروسسنگ فیس یونائیٹڈ بینک یونیورسٹی کیمپس برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 225662382 میں ادائیگی پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بینک رسید رجسٹریشن فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔

11. ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش بمعہ ایک لاکھ روپے زر ضمانت ( قابل واپسی ) بشکل پے آرڈر/بینک ڈرافٹ بنام ٹریژرر جامعہ پشاور مورخہ 18.07.2025 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگا۔ سربمہر پیشکشیں/بڈز کھولنے کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا نامکمل فارم یا آخری تاریخ کے بعد جمع ہونے والی فارم/پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

12. ناکام امیدوار کو زر ضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائے گی۔ زیادہ پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زر ضمانت بحق جامعہ پشاور ضبط ہوگا اور دوسرے نمبر پر پیشکش کرنے والے کی بولی منظوری کے لئے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کی زر ضمانت کامیاب امیدوار کے ساتھ معاہدہ ہونے تک واپس نہیں کی جائے گی۔

13. کامیاب بولی دہندہ 6 ماہ کا کرایہ بطور زر ضمانت جمع کروانے کا پابند ہوگا جس کے بعد مفصل معاہدہ ہوگا۔ ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10 فیصد اضافہ ہوگا۔

اہم نوٹ:

کامیاب بولی دہندہ کینٹین میں فوڈ کمیٹی کے منظور شدہ ریٹ وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ بولی دیتے وقت اس بات کا بھی خیال رکھنا ہوگا کہ جامعہ پشاور میں کینٹین کنٹریکٹر نے جامعہ پشاور کے منظور کردہ Subsidized Rates وصول کرنے کا پابند ہوگا۔

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ مینجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

# Directorate of Administration
# University of Peshawar

**Telephone No. +92-91-9222208**
**+92-91-9222279**
**Ext: 3019, 3150**
**Email: administration@uop.edu.pk**

**No: _____________/DA/FMMC**

**Date: _03_/_07_/2025**

<u>رجسٹریشن فارم</u>

1. نام: ________________________________

2. ولدیت: ________________________________

3. شناختی کارڈ نمبر: ________________________________

4. پتہ برائے خط و کتابت: ________________________________

5. فون نمبر: ________________________________

6. درخواست برائے: ________________________________

7. کال ڈپازٹ نمبر: ________________________________

8. ماہانہ کرایہ کی پیشکش: ________________________________

فارم کے ساتھ منسلک شرائط مجھے منظور ہیں۔

دستخط: ______________________